# 22ND

# ANNUAL REPORT

# ALL MEMON WELFARE CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LIMITED

## 1-7-1992 TO 30-6-1993

آل میمن ویلفیئر کوآپریٹیو ہاؤسنگ
سوسائٹی لمیٹڈ

سالانہ رپورٹ برائے سال ۹۳-۱۹۹۲ء

یکم جولائی ۱۹۹۲ء تا ۳۰ جون ۱۹۹۳ء

**Published by**
**MANAGING COMMITTEE**
**All Memon Welfare Co-Operative Housing Society Ltd.**

**Registered Office :**
**247, Sunny Plaza, 2nd Floor,**
**Hasrat Mohani Road, Karachi.**
**Phone : 217590**

CamScanner

# ALL MEMON WELFARE CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LIMITED

## Members of the Managing Committee
## For
## the Year 1992—93

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Madam Ishrat Hanif Motiwala | President |
| 2. | Mr. Iqbal Ismail Mangrolwala | V. President |
| 3. | Mr. Yousuf Abdullah | Hon. Gen. Secretary |
| 4. | Mr. Abdul Qadir Bakhshi | Committeeman |
| 5. | Abdul Razzak Haji Mohammad | " |
| 6. | Mr. Abdul Sattar Lilya | " |
| 7. | Mr. Ahmed Umer Diwam | " |
| 8. | Mr. Ali Mohammed Maya | " |
| 9. | Mr. Amin Jamal | " |
| 10. | Mr. Abdul Ghaffar Memon | " |
| 11. | Mr. Hanif Begawala | " |
| 12. | Mr. Gul Mohammed | " |
| 13. | Mr. [illegible] Ismail Kasmani | " |
| 14. | Mr. [illegible] Hussain Habib | " |
| 15. | Mr. Younus Ibrahim Andha | " |
| 16. | Haji Zakaria Ismail | " |


CamScanner

# عہدیداران


# اراکین مجلس عاملہ




یوسف عبداللہ نوی والا (جنرل سکریٹری)




محمد اقبال اسمٰعیل مانگرول (نائب صدر)




عبدالستار لیلیا




بیگم عشرت حنیف موتی والا (صدر)



غلام حسین حبیب



حاجی ذکریا اسمٰعیل




احمد عمر دیوان



علی محمد مایا




یونس ابراہیم




غفار میمن




عبد الرازق حاجی محمد




گل محمد مدراس والا




عبدالقادر بخشی



محمد اقبال اسمٰعیل کاسانی



محمد امین جمال



حنیف بیگا والا



# تقریر جنابہ عشرت حنیف موتی والا

## صدر آل میمن ویلفیئر کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ۔ کراچی

محترم اراکین سوسائٹی السلام علیکم !

میں اللہ تعالیٰ کی شکر گزار ہوں کہ مجھے ایک بار پھر سوسائٹی کے سالانہ جلسہ سے خطاب کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ میں اپنے ساتھیوں کی انتہائی ممنون ہوں کہ انہوں نے اپنی کاروباری مصروفیات سے وقت نکال کر سوسائٹی کے کاموں میں صرف کیا اور ترقیاتی کاموں کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ ان کا یہ کام قابل ستائش ہے۔ میں ان کی کوششوں کی وجہ سے آج سرخ رو ہوکر آپ سے مخاطب ہوں۔

معزز ممبران۔ گذشتہ سالانہ جلسہ میں میں نے آپ سے چند وعدے کئے تھے جن میں سیکٹر A/ 3 کے ترقیاتی کاموں کی تکمیل شامل تھی۔ میں یہ بتانے میں خوشی محسوس کر رہی ہوں کہ سیکٹر A/ 3 کے تمام ترقیاتی کام مکمل ہو چکے ہیں۔ اس سیکٹر میں پلاٹوں کا قبضہ بھی دیا جا چکا ہے جن ممبران نے ابھی تک قبضہ حاصل نہیں کیا انہیں چاہیئے کہ وہ جلد از جلد قبضہ حاصل کرلیں۔ اس کے ساتھ ہی میں اپنا یہ فرض آپ کے علم میں لانا ضروری سمجھتی ہوں کہ کمیٹی کے ممبران نے جس خلوص لگن اور دن رات محنت سے اس سیکٹر کے کاموں کو مکمل کرایا۔ اس کے مقابلے میں ممبران کی جانب سے اپنے مکانات کی تعمیر میں اس جوش و جذبہ کا اظہار نہیں کیا گیا جو ہونا چاہیئے تھا۔ آپ جانتے ہیں کہ تعمیری اخراجات روز بروز بڑھ رہے ہیں۔ آج آپ ایک مکان جس قیمت میں بنالیں گے تھوڑے عرصہ بعد اس مکان کی تعمیر پر لاگت آئے گی میری آپ سے گذارش ہے کہ آپ اس مسئلہ پر سنجیدگی سے غور کریں۔

اس سلسلہ میں میرے ذہن میں ایک تجویز ہے۔ وہ یہ کہ ایک ایسی ایڈوائزری کمیٹی بنائی جائے ان ممبران کو جو اپنے پلاٹس پر تعمیر میں دلچسپی رکھتے ہوں۔ تمام متعلقہ معلومات اور مفید مشورے دے اس کے ساتھ ہی یہ ایڈوائزری کمیٹی، نقشے بنوانے اور پاس کروانے سے لے کر مکان کی تعمیر تک کے تمام مراحل میں عملی طور پر حصہ لے اور ان ممبران کی پریشانیوں کو ختم کرے جو تعمیر کے سلسلہ میں ضروری معلومات نہیں رکھتے۔ یا جو اپنا قیمتی وقت اس کام کے لئے صرف نہیں کرسکتے۔ یہ ایڈوائزری کمیٹی اپنے تجربہ اور خدمات کے ذریعہ ممبران کے مکانات کی تعمیر سے متعلق مسائل حل کرے گی۔

اس ایڈوائزری کمیٹی کا لائحہ عمل طے کرنے کے لئے مجھے آپ کی تجاویز اور مشورے درکار ہیں تاکہ انکی روشنی میں اور آپ کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر اس کمیٹی کی تشکیل کی جائے۔ آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ میں نے بھی آرکیٹیکٹ انجنیئر کا کورس مکمل کر لیا ہے اور میں بذات خود اس سلسلہ میں آپ کی مدد اور رہنمائی کر سکتی ہوں میں چاہتی ہوں کہ اس میٹنگ کے بعد آپ حضرات میرے ساتھ بات چیت کا ایک چھوٹا سا سیشن رکھ لیں۔ تاکہ آپ کے ذہن میں اس سلسلہ میں جو بھی سوالات ہوں۔ میں ان کے جوابات دے سکوں اور آپ اس سلسلہ میں اپنی تجاویز اور مشورے دیں۔ تاکہ اس کے بعد کوئی صحیح طریقہ کار اختیار کیا جا سکے۔ اب میں آپ سے سیکٹر 15/A کے بارے میں بات کروں گی۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں۔ اس کا رقبہ 13/A سے دوگنا ہے اس کے ترقیاتی کام بھی بڑے ہیں۔ ان کو شروع کرنے سے پہلے بہت احتیاط کے ساتھ تمام ضروری کارروائی مکمل کرنا تھی۔

ساتھیو! ہم پچھلی کمیٹیوں کی طرح غیر ضروری تیز رفتاری کے قائل نہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہر کام سوچ سمجھ کر بہتر سے بہتر انداز میں کیا جائے۔ لہٰذا اس سیکٹر کے کام شروع کرانے سے پہلے ہم نے ایک جامع منصوبہ بندی کی۔ پورے سیکٹر کا ڈیمارکیشن اور کنٹور سروے کروایا۔ پھر اس کے مطابق کاسٹ اسٹیمیٹس بنوائے۔ اچھی شہرت کے حامل ٹھیکیداروں سے ٹینڈر طلب کئے گئے۔ ٹینڈرز کی وصولی کے بعد ان کی جانچ پڑتال ترقیاتی کمیٹی کے ممبران اور سوسائٹی کے آنریری "CONSULTANT ENGINEER" نے کی۔ اور کافی غور و خوض کے بعد انہوں نے اپنی سفارشات کمیٹی کو پیش کر دی ہیں جو زیر غور ہیں۔ کمیٹی کی منظوری کے بعد یہ کام دے دیا جائیگا اور بہت جلد یہ کام شروع ہو کر انشاءاللہ اس سال مکمل ہو جائے گا۔ سال کے اختتام سے قبل اس سیکٹر کے الاٹیز کو بھی ان کے پلاٹوں کا قبضہ دے دیا جائے گا۔

دوستو! سیکٹر 15/A کے ترقیاتی کاموں کے سلسلہ میں ہمیں فنڈز کی کمی کے مسائل بھی درپیش تھے لہٰذا اسپیشل جنرل باڈی سے اجازت لے کر 13/A کے کمرشل پلاٹس نیلام کئے تھے۔ آپ کی دعاؤں اور خدا کے فضل سے ہمیں ہماری توقعات سے بڑھ کر قیمت ملی چونکہ ادائیگی اقساط کے ذریعہ ہے اس لئے کچھ رقم مل چکی ہے اور بقیہ اس سال مل جائے گی۔ تمام فنڈز محفوظ ہیں اور میں آپ کو یہ یقین دلاتی ہوں کہ یہ تمام رقم سیکٹر 15/A کے ترقیاتی کاموں پر خرچ کی جائے گی۔

میرے بھائیو اور بزرگو۔ آپ نے مجھ پر اور میرے ساتھیوں پر جو اعتماد کیا ہے۔ میں اس کے لئے آپ سب کی شکر گزار ہوں اور امید رکھتی ہوں کہ آئندہ بھی ہمیں آپ کا اعتماد اس طرح حاصل رہے گا۔ اس کے ساتھ ہی میں اپنے تمام ساتھیو، کمیٹی کے عہدیداران و ممبران اور سوسائٹی اسٹاف کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں کہ مجھے ہمیشہ ان سب کا تعاون حاصل رہا ہے۔

آپ سب حضرات کا شکریہ ۔ خدا حافظ

CamScanner

# آل میمن ویلفیئر کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی کے نائب صدر جناب محمد اقبال اسمٰعیل مانگرول والا کی تقریر



محترم اراکین سوسائٹی !

السّلامُ علیکم

میں رب العزّت کا شکر گزار ہوں کہ آج سوسائٹی کے 22 ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر میں پھر آپ سے مخاطب ہوں۔

جیساکہ آپ جانتے ہیں سوشل اور رفاہی اداروں میں لوگ شامل ہوتے ہیں اور اپنی ہمت شوق اور صلاحیت کے مطابق خدمت خلق کرتے ہیں اور چلے جاتے ہیں لیکن میں ان خوش نصیبوں میں شامل ہوں جس پر آپ لوگوں نے اپنے مسلسل اعتماد کا اظہار کیا ہے اور میں نے بھی ہمیشہ یہ کوشش کی ہے کہ آپ کے اعتماد کو کبھی ٹھیس نہ پہنچے۔

دوستو سوسائٹی کے ترقیاتی کاموں اور دیگر امور سے متعلق تو آپ کو مکمل تفصیلات اعزازی سکریٹری کی رپورٹ سے معلوم ہو جائیں گی۔ میں یہاں صرف اتنا عرض کروں گا کہ میں اور میرے دیگر ساتھیوں نے جو ترقیاتی کام اب تک مکمل کرائے ہیں۔ اس میں معیار کو اولیت حاصل ہے اور اس لحاظ سے یہ کام آپ کی توقعات کے مطابق ہیں اور انشاءاللّٰہ آپ انھیں دیکھ کر خوشی محسوس کریں گے۔ ہماری ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ ہم آپ کے اعتماد پر پورا اتریں اور آپ کے مفادات کی صحیح طور پر حفاظت کریں اور یہ ہمارا اخلاقی فرض بھی ہے۔ ہمیں آپ کی جانب سے جو تعمیری مشورے ملتے رہے ہیں ہم نے ہمیشہ انھیں اپنے نظام کار میں شامل کیا ہے۔ میری آپ سے درخواست ہے کہ سوسائٹی کے ترقیاتی کاموں کے سلسلہ میں آپ حضرات آئندہ بھی اپنے

CamScanner

قیمتی مشوروں اور آراء سے ہمیں نوازتے رہیں گے۔ یہاں میں اپنے مخلص ساتھیوں کا ذکر ضرور کروں گا جن کا مجھے مکمل تعاون حاصل رہا ہے اور ان سب کی بے لوث خدمت کی وجہ سے سوسائٹی کے وقار میں اضافہ ہوا۔

سرِفہرست جناب یوسف عبداللہ نوی والا۔ آنریری سکریٹری جناب ذکریا اسماعیل صاحب جناب عبدالستار للیا صاحب، جناب عبدالغفار میمن صاحب اور جناب غلام حسین جیب صاحب یہ وہ مخلص لوگ ہیں جن کی انتھک محنت اور کوششوں سے سوسائٹی کا نام بلند ہوا اور آج خدا کے فضل وکرم سے یہ پوزیشن ہے کہ پلاٹ کے خریدار ہزاروں ہیں لیکن فروخت کرنے والا نہیں ملتا۔ میں سوسائٹی کے اسٹاف کا بھی تہہ دل سے ممنون ہوں کہ ان سب نے محنت اور لگن سے اپنے فرائض انجام دیئے اور مجھے ہمیشہ ان سب کا تعاون حاصل رہا۔ میں آپ سب حضرات کا تہ دل سے ممنون ہوں کہ آپ مجھے اپنے اعتماد کے قابل سمجھتے ہیں۔ آپ سب کا بہت بہت شکریہ۔

خدا حافظ

محمد اقبال اسماعیل مانگرول والا

نائب صدر



# آل میمن ویلفیئر کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی
# کے اعزازی جنرل سکریٹری
# جناب محمد یوسف عبداللہ نوی والا کی
# سالانہ جائزہ رپورٹ
# برائے سال سنہ 1993ء - سنہ 1992ء

## محترمہ صدر صاحبہ معزز اراکین سوسائٹی اور حاضرین جلسہ

السلام علیکم !

اللہ رب العزت کا بہت بڑا احسان ہے کہ آج ہم سب سوسائٹی کے بائیسویں (22) سالانہ اجلاس کے موقع پر ایک جگہ اکٹھے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے کرم اور آپ سب کی دعاؤں سے ہماری سوسائٹی کو تمام دیگر سوسائٹیز میں منفرد مقام اس وجہ سے حاصل ہے کہ ہم نے پہلے مرحلہ میں ترقیاتی کام کی تکمیل کرالی ہے جبکہ ہم سے پہلے قائم شدہ سوسائٹیز ابھی تک ابتدائی مرحلوں میں ہیں۔

سوسائٹی کے جنرل سکریٹری کی حیثیت سے جو ذمہ داری مجھ پر ڈالی گئی تھی اور جس طرح ہم نے گوناگوں مشکلات کے باوجود اپنے فرائض ادا کئے ہیں۔ ان کا تفصیلی جائزہ آج آپ کی خدمت میں پیش کیا جارہا ہے اور یہ فیصلہ آپ پر ہے کہ ہم کس حد تک آپ کے اعتماد پر پورے اترے ہیں۔ اور کس حد تک اپنے مقاصد میں کامیاب ہوئے ہیں۔ اس جائزہ رپورٹ سے آپ سب پر یہ بھی عیاں ہوجائے گا کہ موجودہ اراکین منیجنگ کمیٹی نے خلوص نیت اور انتھک محنت سے محدود وسائل و مشکلات کے باوجود "ہمتِ مرداں مددِ خدا" کے اصول کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے آپ سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے کی پوری پوری کوشش کی ہے۔

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ موجودہ منیجنگ کمیٹی سے پہلے ٹھوس منصوبہ بندی کئے بغیر سیکٹر 13/A اور سیکٹر A-15 میں بیک وقت ترقیاتی کام شروع کرادیا گیا تھا۔ جس میں ناقص میٹریل کے استعمال سے نہ صرف غیر معیاری کام ہوا۔ بلکہ غیر ضروری اخراجات کا بار ممبران پر ڈالنے کی بھی کوشش کی گئی۔

کسی بھی نئی بستی کی تعمیر میں سیوریج سسٹم، واٹر سپلائی اور سڑکیں بنیادی حیثیت کی حامل ہوتی ہیں اور ان کی تعمیر میں جہاں مہارت کو دخل ہے۔ وہاں معیاری سامان لگانا بھی ضروری ہوتا ہے۔ جن لوگوں کو یہ کام سونپا جاتا ہے۔ ان پر نگرانی اور گرفت کو بھی مضبوط رکھنا ضروری ہوتا ہے۔

CamScanner

گروہ لوگ ایسا نہ کرسکے جس کے نتیجہ میں سیوریج سسٹم کا کام ٹھیکیداروں پر گرفت اور نگرانی نہ ہونے کے سبب غیر معیاری ہونے کے ساتھ ساتھ ماہرانہ صلاحیتوں سے بھی محروم رہا۔ لہٰذا جب موجودہ کمیٹی نے چارج سنبھالا تو اولیت بگڑے ہوئے کام کو درست کرنے پر دی گئی یہ ہمارے لئے چیلنج کی حیثیت رکھتا تھا کہ ہم اس غیر معیاری اور بگڑے ہوئے کام کو نہ صرف درست کریں بلکہ اپنے انتخابی وعدوں اور منشور کے مطابق ترقیاتی کاموں کی رفتار کو تیز کر کے مقررہ مدت میں مکمل کر کے آپ سب کے سامنے سرخرو ہوسکیں۔

**سیکٹر A-13** | سال بھر کی کارکردگی میں اولیت اور اہمیت سیکٹر A-13 کو حاصل ہے اور آپ سب کے علم میں ہے کہ سیکٹر A-13 میں ترقیاتی کام گزشتہ سال شروع کرایا گیا تھا جس میں سڑکوں کی تعمیر، واٹر سپلائی اور سیوریج کے کاموں کی از سر نو تعمیر ان کاموں کی جلد از جلد اور معیاری تکمیل کے لئے ہم نے اپنی تمام تر توجہ، توانائی اور وقت صرف کیا اور آج ہم یہ کہتے ہوئے فخر محسوس کرتے ہیں کہ سیکٹر A-13 کے پلاٹ ہولڈر صاحبان کو اپنے مکانات تعمیر کرنے میں کسی بھی قسم کی دشواری کا سامنا نہیں کرنا ہوگا۔

**پلاٹوں کا قبضہ** | گزشتہ سال ایک تقریب میں پلاٹ ہولڈروں کو انفرادی قبضے دیئے گئے تھے اور یہ اعلان بھی آپ سب کو یاد ہوگا کہ سوسائٹی نے پانچ ہزار روپیہ کی رقم کا اعلان ان لوگوں کے لئے کیا تھا جو جون ۱۹۹۷ء تک اپنے اپنے پلاٹوں کی چھت کی حد تک مکان تعمیر کرالیں گے۔ مگر یہ کتنے دکھ کی بات ہے۔ پلاٹ ہولڈر صاحبان اس سلسلہ میں سنجیدہ نہیں۔ تاہم اب بھی وقت ہے کہ الاٹ شدہ پلاٹوں کا قبضہ جلد سے جلد حاصل کرلیں۔ یہ اس لئے بھی ضروری ہے کہ ایسے لوگ جنہیں عام اصطلاح میں "قبضہ گروپ" کہا جاتا ہے۔ وہ زیادتی نہ کرسکیں۔ فی الوقت اگر مکان تعمیر کرنے کی استطاعت نہ ہو تو بھی اپنے پلاٹ کے ارد گرد چار دیواری ضرور تعمیر کرالیں یہ مشورہ آپ کے مفاد میں ہے۔ مجھے امید ہے کہ پلاٹ ہولڈر صاحبان سنجیدگی سے ہماری گزارشات کا نوٹس لیں گے۔

**بجلی** | سیکٹر A-13 کے پلاٹ ہولڈر کی انفرادی درخواستیں مجوزہ فارم پر پہلے ہی جمع کرائی جاچکی ہیں اب بجلی کا پول سیکٹر A-13 میں نصب کیا جارہا ہے جس سے پورا سیکٹر A-13 بجلی کی روشنی سے جگمگا اٹھے گا۔ ہم یقین دلاتے ہیں کہ مکانات کی تعمیر کرانے والے ممبران کو بجلی کے حصول میں انشاءاللہ کوئی دشواری پیش نہیں آئے گی۔

**گیس** | گیس کی ترسیل کے انتظامات بھی مکمل کرلئے گئے ہیں جس کی سپلائی مکان کی تعمیر سے مشروط ہے۔

**پانی** | کراچی واٹر بورڈ سے پانی کے کنکشن کے حصول کے لئے جملہ کارروائی مکمل ہوچکی ہے مگر انفرادی کنکشن مکان کی تعمیر سے مشروط ہے ممبران کو چاہیئے کہ وہ اپنے اپنے پلاٹ پر مکان کی تعمیر کے سلسلہ میں جلد از جلد سنجیدگی سے غور کریں۔ اس سلسلہ میں سوسائٹی ہر قسم کے تعاون اور مدد کے لئے تیار ہے۔

CS CamScanner

یہ تمام کاروائی مکمل کرنے کے لئے ممبران کو خصوصاً آنریری جنرل سیکریٹری جو آپ سے اس وقت مخاطب ہے جن مشکلات اور دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔ میں اس کا ذکر ضروری نہیں سمجھتا لیکن آپ کو یہ محسوس کر لینا چاہیئے کہ کاروباری لوگ جن کے لئے چند لمحے بھی نکالنا مشکل ہوتا ہے۔ وہ سارے سارے دن اور آدھی آدھی رات تک ان کاموں میں مصروف رہے ہیں مقصد احسان جتانا نہیں بلکہ آپ کو اپنے مکانات کی تعمیر پر متوجہ کرنا ہے۔

**قبضہ اور تعمیر** سوسائٹی نے گذشتہ سال قبضہ دینے کا اعلان کیا تھا۔ بارہا اخبارات کے ذریعے آپ صاحبان کو مطلع کیا گیا لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ پلاٹ ہولڈروں نے کسی گرمجوشی کا اظہار نہیں کیا اور 200 پلاٹ ہولڈروں میں سے صرف 66 افراد نے اب تک قبضہ کی درخواستیں دیں اور قبضہ حاصل کیا۔ اطلاعاً عرض ہے کہ کمیٹی کے ممبران نے دن رات محنت کر کے اپنا قیمتی وقت صرف کر کے ترقیاتی کاموں کو تکمیل تک پہنچایا جس کا مقصد یہ تھا کہ میمن نگر جلد از جلد آباد ہو جائے۔ "دوستو بستی بسانا کھیل نہیں" لیکن دکھ کی بات یہ ہے کہ ہماری جدوجہد کی ممبران کی جانب سے حوصلہ افزائی نہیں ہوئی۔ اب تک صرف تین ممبران ایسے ہیں جنھوں نے نقشے داخل کئے تھے اور سوسائٹی نے ضروری کارروائی کے بعد ان پر نوابجکشن (NO OBJECTION) دیدیا تھا لیکن تعمیر اب تک شروع نہیں کی گئی۔ اس سلسلہ میں ایک بات اور عرض کرتا چلوں کہ ترقیاتی کاموں کی تکمیل کے بعد ضروری ہو گیا ہے کہ پلاٹوں کو ناجائز قابضین سے بچایا جائے لہٰذا سیکٹر A-13 میں ایک ہمہ وقت چوکیدار کا تقرر کر دیا گیا ہے تاکہ پلاٹوں کو ناجائز قابضین سے بچایا جا سکے۔

**مسجد** یہاں مسجد کا ذکر بھی ضروری ہے مسجد کی بنیاد کی کھدائی کا کام ایک چھوٹی مگر پروقار تقریب میں شروع کیا گیا اور اس موقع پر برادری کے چند معزز حضرات کے علاوہ ڈپٹی رجسٹرار صاحب کوآپریٹیو سوسائٹیز بھی موجود تھے کھدائی مکمل ہو چکی ہے نقشہ کافی دن ہوئے کے۔ ڈی۔ اے (KDA) میں داخل کر دیا گیا ہے چونکہ ہم نے مسجد کے ساتھ چند دکانیں منسلک رکھی تھیں لہٰذا اس تکنیکی غلطی کی وجہ سے نقشہ منظور ہونے میں دیر لگ رہی ہے۔ تاہم اس پر جلد ہی قابو پا لیا جائے گا اور انشاءاللہ عنقریب چھ ماہ کے اندر آپ میمن نگر میں مسجد تعمیر ہوتی دیکھیں گے۔ ہماری میمن برادری مذہبی کاموں خصوصاً مسجد کی تعمیر کے سلسلہ میں ہمیشہ آگے بڑھ کر حصہ لینے میں مشہور ہے۔

## سیکٹر A-15

معزز حاضرین آپ سب کے علم میں ہے کہ ہماری سوسائٹی 40 ایکڑ رقبہ اراضی دو سیکٹروں پر مشتمل ہے الاٹ کی گئی جس میں سیکٹر A-13، $12\frac{1}{2}$ ایکڑ اور سیکٹر A-15، 25 ایکڑ پر مشتمل ہے۔ اس لحاظ سے سیکٹر A-15 سیکٹر A-13 سے دوگنا ہے۔ یہ علاقہ نسبتاً ناہموار اور پتھریلا ہے۔ لہٰذا اس سیکٹر میں ترقیاتی کام بغیر کسی مربوط منصوبہ بندی کے عاقبت نااندیشی کے مترادف ہوتا اور عجلت میں کئے گئے کام کا بھی وہی

حشر ہوتا جو ہم سے پہلے کرایا گیا تھا۔ دوئم یہ کہ اس سیکٹر میں سیوریج کا نظام بالکل ہی غیر فطری انداز میں کر گیا تھا۔ سمت اور ڈھلائی کا خیال کئے بغیر پائپ ڈال دیئے گئے تھے۔ تاہم کچھ تو سابقہ ٹھیکیدار کی غیر ماہرانہ صلاحیت اور جلد بازی اور کچھ فطری اور قدرتی آفات یعنی بارش اور سیلاب نیز عیدالضحیٰ کے موقع پر مویشی بازار کی وجہ سے تمام کام الٹ کر رہ گیا۔ لہٰذا اس سیکٹر میں ترقیاتی کام شروع کرنے سے پہلے ڈویلپمنٹ کمیٹی کے اراکین اور مینجنگ کمیٹی کے ممبران نے بارہا سائٹ کا معائنہ کرنے کے بعد یہ طے کیا کہ اس پورے سیکٹر کا سطحی سروے (CONTOUR SURVEY) کرانے سے پہلے تمام جنگل جھاڑیاں کٹوائی جائیں اور سروے کی رپورٹ کی روشنی میں منصوبہ بندی کر کے ہر کام اور کام کی نوعیت اور بازار کے ریٹ کے مطابق علیحدہ علیحدہ تخمینہ لگایا جائے لہٰذا اس پورے سیکٹر کا "سطحی سروے" کرایا گیا اور سوسائٹی کے اعزازی انجینئر جناب محمد حسین کے مشورہ سے ہر کام کا علیحدہ علیحدہ تخمینہ لگا کر یہ طے کیا گیا کہ مستند ٹھیکیداروں سے ریٹ کی بنیاد پر ٹینڈر طلب کر کے یہ دیکھا جائے کہ ہمارے مقرر کردہ ہدف پر پورا کون اترتا ہے۔ اس سلسلہ میں اخبارات کے ذریعہ اشتہارات دیئے گئے اور تقریباً تیرہ ٹینڈر موصول ہوئے۔ ڈویلپمنٹ سب کمیٹی نے سوسائٹی انجینئر کے مشورہ سے کچھ ٹینڈر روک کر باقی واپس کر دیئے گئے۔

دوستو کسی بھی کمپنی کو ترقیاتی کام سونپنے سے پہلے چند ضروری عوامل کی چھان بین ضروری ہوتی ہے مثلاً جس شخص کو کام دیا جا رہا ہے۔ کیا وہ اس کا اہل ہے؟ کیا اس کے پاس تکنیکی ماہرین کا عملہ ہے؟ کیا وہ خود بھی ماہر انجینئر ہے؟ اور یہ کہ اس کے وسائل کیا ہیں؟ اور وہ مالی طور پر مستحکم ہے یا نہیں؟ چونکہ ہماری سوسائٹی کے وسائل محدود ہیں لہٰذا کمیٹی کے انجینئر کے مشورہ سے ان ٹھیکداروں سے جن کا ریکارڈ اچھا اور قابلِ اعتماد ہے مذاکرات جاری ہیں جونہی کوئی حتمی فیصلہ ہو گا انشاءاللہ سیکٹر A-15 میں ترقیاتی کام شروع کر دیا جائے گا۔

گو کہ اس پورے سیکٹر میں پلاٹوں کی لیولنگ اور ہر پلاٹ پر نمبروں کے نشانات لگا دیئے گئے ہیں اور ہم ال ممبران کو قبضہ دینے کی پوزیشن میں ہیں مگر یہ ممبران کے مفاد میں ہے کہ اس وقت قبضہ نہ لیں کیونکہ اس سیکٹر میں سیوریج سسٹم کی درستگی ازحد ضروری ہے۔ ساتھ ہی ساتھ سڑکوں کی تعمیر کا کام بھی شروع ہو رہا ہے۔

چونکہ قبضہ گروپ کا ہر وقت خطرہ رہتا ہے۔ لہٰذا اس سے بچنے کے لئے ہمہ وقت چوکیدار کا تقرر کرنا پڑا۔ اور ہم نے A-15 کے ایک رفاہی پلاٹ پر ایک کمرہ بمعہ چار دیواری تعمیر کرنے کا منصوبہ بنایا ہے تاکہ وہاں پر ہر وقت چوکیدار نگرانی کرتا رہے۔

ہمیں امید ہے کہ انشاءاللہ ہم سالِ رواں میں ہی آپ کو 15A کے پلاٹوں کا قبضہ دینا شروع کر دیں گے۔

**کمرشیل پلاٹوں کا نیلام!** جہاں تک ترقیاتی کاموں کے لئے فنڈ مختص کرنے کی بات ہے تو مجھے یہ بتاتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ ہم نے A-13 کے کمرشیل پلاٹ بذریعہ نیلام فروخت کئے تھے جس سے اچھی خاصی رقم حاصل ہوگی اور یہ تمام رقم ترقیاتی کاموں کے لئے مختص کی جائیگی ہماری یہ کوشش ہوگی کہ پلاٹ ہولڈروں پر اضافی بوجھ

نہ ڈالا جائے۔

**کثیر المنزلہ عمارت** جیسا کہ آپ کو معلوم ہے سیکٹر 13/A میں ایک کثیر المنزلہ عمارت کی تعمیر کا منصوبہ بھی کمیٹی کے زیرِ غور ہے اور اس کا نقشہ بھی KDA میں داخل کر دیا گیا ہے۔ جونہی اس کا نقشہ منظور ہو گا اس اسکیم کا اعلان بھی انشاء اللہ جلد کر دیا جائے گا۔

**مینجنگ کمیٹی اور دیگر سب کمیٹیوں کی میٹنگز** اس سال مینجنگ کمیٹی اور دیگر سب کمیٹیوں کی جو میٹنگس ہوئیں انکی مختصر روداد درج ذیل ہے۔

**مینجنگ کمیٹی**

ریگولر میٹنگس : 10

اسپیشل میٹنگس : 2

تعزیتی میٹنگس : 2

**ڈویلپمنٹ سب کمیٹی** اس کی کل 27 میٹنگس ہوئیں جس میں ترقیاتی کاموں کا موقع پر جائزہ لیا جاتا رہا تقریباً ہر جمعہ کو ممبران سائٹ پر میٹنگ کرتے تھے اس طرح کام کی چیکنگ اور نگرانی بھی ہوتی رہی۔ سیکٹر A-15 کے ٹینڈرز کی تدوین اور چھان بین کا کام بھی اس کمیٹی نے بڑی محنت اور جانفشانی سے انجام دیا۔ ٹینڈر کاپیوں کی فروخت سے مبلغ /-1500 روپیہ موصول ہوئے۔ اس کمیٹی کے کنوینر جناب عبدالغفار میمن مبارکباد کے مستحق ہیں۔

**ٹرانسفر اور پرمیشن سب کمیٹی** اس سب کمیٹی کی کارکردگی بھی نہایت عمدہ رہی کل 15 میٹنگس ہوئیں ٹرانسفر کے 85 اور قبضہ کے 49 کیسز کو چیک کرنے کے بعد اپنی سفارشات دیں۔ /-141800 روپیہ بطور ٹرانسفر فیس اور مبلغ /-19280 روپیہ بطور پرمیشن فیس وصول ہوئے (یہ رپورٹ دسمبر 1993ء تک کی ہے) ذکریا اسماعیل اور انکے رفقا مبارکباد کے مستحق ہیں

**انٹرنل آڈٹ اینڈ فنانس سب کمیٹی** اس کمیٹی کے کل چھ اجلاس ہوئے اس کی کارکردگی بھی نمایاں رہی۔ عمدہ منصوبہ بندی کے ذریعہ سوسائٹی کو منافع حاصل ہوا۔ اس سلسلہ میں عبدالستار للیا صاحب اور ان کے ساتھی مبارکباد کے مستحق ہیں۔

**لیگل سب کمیٹی** اس کمیٹی کے تین اجلاس ہوئے ممبران نے ان معاملات میں اپنے قیمتی مشورے دیئے جو کہ مختلف عدالتوں میں زیرِ سماعت ہیں جناب عبدالستار للیا صاحب نے جو اس کمیٹی کے کنوینر ہیں بڑی محنت اور جانفشانی سے کام کیا۔ وہ اور ان کے ساتھی مبارکباد کے مستحق ہیں۔

**مسجد سب کمیٹی** میری کنوینر شپ میں اس کمیٹی کی کل تین میٹنگز ہوئیں اس کی کارکردگی کا جائزہ سیکٹر A-13 کے ساتھ پیش کیا جا چکا ہے۔

**آکشن سب کمیٹی** یہ کمیٹی اس سال بنائی گئی تھی۔ اس کمیٹی نے سیکٹر A-13 کے کمرشیل پلاٹس کے نیلام کی عمدہ منصوبہ بندی کی ان کی محنت اور پبلسٹی کی وجہ سے کمرشیل پلاٹوں کے نیلام سے بہت اچھی قیمت حاصل ہوئی جس کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے۔ اس سلسلہ میں کمیٹی کے کنوینر جناب عبدالغفار میمن اور ان کے رفقاء کار مبارکباد کے مستحق ہیں۔

آخر میں آپ سے التماس ہے کہ آپ صاحبان میمن نگر کو جلد از جلد آباد کرنے کی طرف توجہ دیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہماری کمیٹی اس سلسلہ میں آپ کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی۔

دوسری بات یہ کہ آپ حضرات مسجد کی تعمیر میں سوسائٹی کا ہاتھ بٹائیں اور اس صدقہ جاریہ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ اطلاعاً عرض ہے کہ نقشہ پاس ہوتے ہی مسجد کی تعمیر کا کام نہایت تیزی سے مکمل کرایا جائے گا۔

میں سوسائٹی کی صدر محترمہ عشرت حنیف موتی والا اور دیگر اراکین کمیٹی خصوصاً نائب صدر جناب اقبال اسماعیل منگرول والا، کمیٹی ممبرز جناب ذکریا اسماعیل، جناب عبدالستار لیلیا صاحب اور جناب عبدالغفار میمن صاحب کا بے حد مشکور ہوں کہ ان سب نے قدم قدم پر میری رہنمائی کی مفید مشوروں سے نوازا اور اپنے بھرپور تعاون کے ساتھ میری ہمت افزائی کی۔ جناب غلام حسین حبیب نے عملی طور پر میرے ساتھ تعاون کیا جس کا میں بے حد مشکور ہوں۔

میں یہاں خاص طور پر سوسائٹی کے اعزازی انجینئر جناب محمد حسین صاحب کا تہ دل سے شکر گزار ہوں کہ وہ اپنی مصروفیات کے باوجود وقت نکال کر سوسائٹی کے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیتے رہے۔ غلط کاموں کی نشاندہی کی اور انھیں درست کراتے رہے۔ نیز ٹینڈر کی تیاری میں ہماری مدد اور رہنمائی کی اور پھر ان کی چھان بین کرکے اپنی سفارشات بھی کمیٹی کو پیش کیں۔ ان کے ماہرانہ مشوروں کی بناء پر ہم فخر سے کہہ سکتے ہیں کہ سیکٹر A-13 میں کئے گئے کام تکنیکی لحاظ سے دوسری سوسائٹیوں کے کام سے بدرجہا بہتر ہیں جو آپ سب حضرات نے اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔

میں سالانہ آڈٹ کے سلسلہ میں سوسائٹی کے آڈیٹرز ساندھو اینڈ کمپنی (C.A) کا بھی شکر گزار ہوں کہ ان کے اسٹاف نے آڈٹ کے سلسلہ میں بھرپور تعاون کیا۔

اس موقع پر زیادتی ہوگی اگر میں سوسائٹی آفس کے اسٹاف کی کارکردگی کی تعریف نہ کروں جنہوں نے ہمیشہ نہ صرف ایمانداری اور فرض شناسی سے اپنے فرائض انجام دیئے بلکہ ضرورت پڑنے پر اپنا فاضل وقت دے کر سوسائٹی کی خدمات انجام دیں۔ میں ان سب کا شکر گزار ہوں۔


آخر میں ایک بار پھر تمام معزز اراکین سوسائٹی اور حاضرین کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ ہمیں آئندہ بھی آپ سب کا تعاون اور خلوص اسی طرح حاصل رہے گا۔


شکریہ ۔ خدا حافظ

**محمد یوسف عبداللہ نوی والا**

CamScanner

سیکٹر A-13 کے کمرشیل پلاٹوں کے خریداروں کی دلچسپی کا منظر






سوسائٹی آفس کے عملہ کی بوقت نیلام مصروفیت

سیکٹر A-13 میں کمرشیل پلاٹوں کی نیلامی کا منظر







سیکٹر A-13 میں مسجد کی بنیادوں کی کھدائی سے پہلے کا مرحلہ

CamScanner

سیکٹر A-13 میں کمرشیل پلاٹوں کے لئے بولی دہندگان






سیکٹر A-13 میں ایکشن سب کمیٹی کی میٹنگ کا منظر

سیکٹر A-13 میں وہ جگہ جہاں مسجد تعمیر کی جائے گی۔





سیکٹر A-13 کے کمرشیل پلاٹوں کے نیلام کا منظر





سیکٹر A-13 کے کمرشیل پلاٹوں کے نیلام کی جھلکیاں

CamScanner






مسجد کی ابتدائی تعمیر کے مرحلہ کی جھلکیاں

CamScanner

سیکٹر A-13 میں تعمیر کی جانے والی مسجد کا نقشہ دیکھا جا رہا ہے





سیکٹر A-13 میں مسجد کی کھدائی سے پہلے نشانات لگانے کا منظر





مسجد کی کھدائی کا ابتدائی کام

CamScanner

## MINUTES OF THE ANNUAL GENERAL BODY MEETING OF THE ALL MEMON WELFARE CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD. KARACHI. FOR THE YEAR 1992 AND ANNUAL ELECTION OF SOCIETY FOR THE YEAR 1992—93 HELD ON 29TH OF JANUARY, 1993.

Twenty First Annual Meeting of the General Body of The All Memon Welfare Co-Operative Housing Society Ltd. Karachi, was held on Friday, the 29th of January, 1993, at 10.30 a.m. In the Ghausia Hall, Ranchore Lane, Karachi.

Fortyone plot holders/members attended the meeting and signed attendance register. Representatives of society auditors M/s. Sandhu & Co., and Mr. Qazi A. Latif Co-Operative Inspector representing the Dy. Registrar Co-Operative Societies, Karachi Office were also present, to witness the proceedings of the meeting.

The meeting was presided over by the Society President - Madam Ishrat Hanif Motiwala, and recitation of Holy Quran was made by Mr. Zakaria Ismail, M.C. Member, who also performed as Compere of the Meeting. Agenda was taken up item-wise.

**ITEM NO. 1.** Minutes of the last A.G.B.M. of the Society were read and explained in Urdu by Mr. Iqbal Ismail Mangrolwala, Vice President of the Society. During discussion on the Minutes, Item No.3, the Interim Report of the Inquiry Sub-Committee formed by the General Body of Society last year, to investigate into the charges of Mis-appropriation of Society Funds by Mr. Rafiq Noor, Ex. Office Secy. of the Society, came under discussion. The Convenor of Inquiry Committee Mr. Abdus Sattar Liliya, and the Office Bearers of Society informed the House about the difficulties and unfavourable circumstances under which final recommendations could not be made, and after conducting 18 meetings of the Inquiry Committee, an Interim Report could only be prepared for information / confirmation of the House. The Interim Report was quite lengthy, therefore, Mr. Salim Akhtar, Office Secy. of the Society presented a brief of the Report before the House, in which it was stated that a number of allegations levelled against Mr. Rafiq Noor have been verified from Society Record, and majority of witnesses have testified these facts. It was recommended by the Inquiry Committee that until a final report of Inquiry is presented before the House, Mr. Rafiq Noor should not be allowed to take any active part in Society activities including participation in Society's annual elections and cooption etc. After detailed discussion, the House appreciated the efforts made by the Inquiry Committee, and same time observed : "That Mr. Rafiq Noor against whom so many charges of mis-appropriation of Society funds are pending, may not be barred in any way. Let him go free, and it should be left to the Society Plotholders / Members to deal with him and to teach him a lesson for this breach of Trust, through their common discard." The meeting also desired the Inquiry Committee to complete the Report as soon as possible. Then the Minutes were confirmed unanimously.

At this stage, Mr. Rafiq Noor gave a letter dated 28th January, 93 showing his disagreement for Rs.15,000/= shown as outstanding amount against his name in the Society Books of Accounts. The letter was discussed and the House approved that it should be filed.

**ITEM NO.2.** Office Bearers - President Madam Ishrat Hanif Motiwala, The Vice President Mr. Iqbal Ismail Mangrolwala read their reports before the House which were appreciated by the House.

CS CamScanner

The Hon. Secretary Mr. M. Yousuf Abdullah read his report, actually Society's Annual Activities Report for the year detailing all actions completed or taken in hand during the year including the Development work completed in Sector 13/A. He also talked about Resource Generation / Funds requirement for Development work in Sector 15/A, suggesting the disposal of commercial plots in Sect. 13/A, through auction and construction of a Multi-storeyed building in Sector 13/A. The House commended his efforts and appreciated views and suggestions which he expressed. On the whole the report was very much appreciated by the House and was approved.

**ITEM NO. 3.** Society's Audited Accounts (Balance Sheet) prepared by M/s. Sandhu & Co., Chartered Accountants for the year 91 - 92, was discussed. Some queries / clarifications made by Members were replied / explained by the Auditors who were present in the meeting. Then Accounts and Balance Sheet of the Society for the year 1991-92 were approved by the House unanimously.

The House also approved writing off some old outstanding amounts of the Balance Sheet, as per recommendation of the Society Auditors, and as per Resolution of the Managing Committee of the Society dated 23-1-93.

**ITEM NO. 4.** The House approved appointment of M/s. Sandhu & Co. Chartered Accountants, as Auditors of the Society for the year 92-93. Office Bearers were authorised to negotiate and fix their remuneration.
Then Tea was served to participants.

**ITEM NO. 5.** Election of One President and Six Committee men. This item was deferred as usual until its schedule time after Juma Prayers - 3 to 6 p.m. Seperate report on Election proceedings and voting result will be prepared and annexed with these Minutes which will form part of these Minutes.

**ITEM NO. 6.** There was no other matter to be discussed under this item, therefore, the meeting ended with a vote of thanks to the Chair, and the Office Bearers of the Society thanked all the plotholders/members present in the meeting.

Following is the Election result conducted by the Hon. Election Commissioner (Mr. Ibrahim Azmi, Advocate) on the same day after Juma Prayers.

| | | | |
|---|---|---|---|
| **President Elected :** | Madam Ishrat Haneef Motiwala, | Securing | 71 Votes |
| **Committeemen Elected :** | 1. Mr. Abdul Ghaffar Memon | Securing | 73 Votes |
| | 2. Mr. Ahmed Umar Diwan | " | 74 Votes |
| | 3. Mr. Ali Muhammad Maya | " | 75 Votes |
| | 4. Mr. Gul Muhammad | " | 75 Votes |
| | 5. Mr. Iqbal Ismail Mangrolwala | " | 72 Votes & |
| | 6. Mrs. Ishrat Haneef Motiwala | " | 73 Votes. |

**(ISHRAT HANEEF MOTIWALA)**
*PRESIDENT*

CamScanner

# ALL MEMON WELFARE CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LIMITED

247, SUNNY PLAZA, 2ND FLOOR, HASRAT MOHANI ROAD, NEW CHALLI, KARACHI.

Ref. 786/22nd AGM/ 1139/93

Karachi Dated 22nd December, 1993

## NOTICE FOR 22ND ANNUAL GENERAL BODY MEETING AND ANNUAL GENERAL ELECTION FOR 1993—94

Twenty Second (22nd) Annual General Body Meeting and Election for the year 1993—94 of All Memon Welfare Co-Operative Housing Society Limited, Karachi, will be held on Friday, the 4th of February, 1994 at 10.30 a.m at Bagh-e-Porbandar, 1720/3, Porbandar Memon Colony, Near Noori Masjid, Federal 'B' Area, Karachi-38.

Following Agenda Will be Transacted at the Annual General Body Meeting.
All Plot Holders of the Society are requested to attend the meeting in time.

**AGENDA** (OO) TILAWAT-E-QURAN.

**ITEM NO.1.** To read and confirm the Minutes of the last 21st Annual General Body Meeting of the Society held on 29th of January, 1993, and Minutes of Spl. Gen. Body Meeting held on 21st of March 1993.

**ITEM NO.2.** To approve and confirm the Annual Report of the Activities of Managing Committee for the year 1992—93 ended on 30th of June, 1993, as well as from July to December, 1993.

**ITEM NO.3.** To approve and confirm the Accounts of the Society duly audited by the Chartered Accountants and Balance Sheet for the year 1992—93 ended on 30th June, 1993.

**ITEM NO.4.** To appoint Auditors for the year 1993—94 and to fix their remunerations.

**ITEM NO.5.** To elect One President and Five Committeemen for the year 1993—94 as per bye-laws No. 47(a) of the Society.
Retiring President Madam Ishrat Hanif Motiwala and Five Committeemen namely:
(1) Mr. Amin Jamal, (2) Mr. A. Qadir Bakhshi, (3) Mr. Younus Ibrahim, (4) Mr. Zakaria Ismail, (5) Mr. Iqbal Kasmani.

**ITEM NO.6.** Any other matter for which a Notice is given to the Committee not less than 14 days before the Annual General Body Meeting.

**NOTES :**

1. In case the meeting is adjourned for want fo Quorum OR because of Agenda remains un-finished, the Adjourned meeting will be held on Friday, the 11th of February, 1994 at the same time and place.
2. Any member wishing to move any resolution, should submit the resolution text duly proposed and seconded in the Society Office during Office hours at least 14 days before the Annual General Body Meeting.

(M. YOUSUF ABDULLAH NAVIWALA)
*HON. GENERAL SECRETARY*
*FOR :* ALL MEMON WELFARE CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LIMITED, KARACHI.

CamScanner